دار الافتاء

حضرت مولانا عزیز زبیدی - منڈی وار برٹن
شیخوپورہ

٭ چوتھے دن قربانی ٭ ننگے سر نماز
٭ نمازِ جمعہ سے قبل چار رکعتیں؟ — وغیرہ!

ماسٹر گل مان شاہ صاحب راولپنڈی سے لکھتے ہیں:

۱- کسی عذر کے بغیر قربانی چوتھے روز جائز ہے یا نہیں؟

۲- کپڑا (رومال) ہوتے ہوئے ننگے سر نماز پڑھنا کیسا ہے؟

۳- میرے سسر حاجی خان بہادر صاحب کٹر اہل حدیث ہیں، ان کا کہنا ہے کہ جمعہ کی فرض نماز سے پہلے چار سنتیں پڑھنا صریح بدعت ہے- جب کہ ان کے مخالف حنفی پیش امام صاحب، ابنِ ماجہ کی ایک حدیث کے حوالہ سے فرض نماز سے پہلے چار رکعات سنت ثابت کرتے ہیں، صحیح کیا ہے؟ جوابِ باصواب سے مطلع فرمائیں — جزاکم اللہ تعالیٰ!

الجواب:

۱- چوتھے دن قربانی: "کُلُّ أَیَّامِ التَّشْرِیْقِ ذَبْحٌ" (احمد)

"تشریق کے دن (تیرہ تاریخ تک) قربانی کے ہیں" بعض کا کہنا ہے کہ یہ منقطع ہے — لیکن ابنِ حبان نے اسے موصولاً بیان کیا ہے۔

۲- ننگے سر نماز: جائز ہے، ہاں ڈھانک کر پڑھنا افضل ہے، کیوں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا زیادہ معمول یہی تھا — اس کے